## بھارت اور پاکستان کی حکومتیں کشمیری عوام کوفٹبال کی طرح استعمال نہ کریں، الطاف حسین

## ایم کیوایم مسئلہ کشمیر کے حوالہ سے ایسے کسی فیصلہ کو ہرگز قبول نہیں کرے گی جو کشمیری عوام کی خواہشات اورامنگوں کے مطابق نہ ہو

## آزادکشمیر کے وزیراعظم کشمیری عوام کے دکھوں کا مداوا کرنے کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتیں بھی بروئے کار لائیں گے

## ایم کیوایم نے زلزلہ سے متاثرہ مظلوم کشمیری عوام کی عملی مدد کرکے ان پر کوئی احسان نہیں کیا

## میری خواہش ہے کہ کشمیر ایک مرتبہ پھر جنت نظیر وادی بن کر پوری دنیا کی توجہ کا مرکز بن سکے

## کشمیری عوام کیلئے آپ کی محبت اور چاہت کا پیغام پوری دنیا میں جانا چاہئے، سردار محمد یعقوب

## وزیراعظم آزادکشمیر سردار یعقوب کی نائن زیرو پر الطاف حسین سے ٹیلی فون پر گفتگو

لندن۔۔۔23، فروری 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ کشمیری عوام باشعور ہیں اور وہ اپنے مستقبل کا بہتر فیصلہ خود کرسکتے ہیں۔انہوں نے واشگاف الفاظ میں کہا کہ ایم کیوایم مسئلہ کشمیر کے حوالہ سے ایسے کسی فیصلہ کو ہرگز قبول نہیں کرے گی جو کشمیری عوام کی خواہشات اورامنگوں کے مطابق نہ ہو۔ یہ بات انہوں نے پیر کے روز اپنی رہائش گاہ نائن زیرو عزیز آباد میں آزاد جموں کشمیر کے وزیراعظم سردار محمد یعقوب سے ٹیلی فون پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر آزادکشمیر کے وزراء ڈاکٹر محمد ریاض، طاہر کھوکھر اور آزادکشمیر کی قانون ساز اسمبلی کے ڈپٹی اسپیکر سلیم بٹ اور ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان بھی موجود تھے۔ جناب الطاف حسین نے نائن زیرو تشریف لانے پر وزیراعظم آزادکشمیر اور دیگر وزراء کو خوش آمدید کہا اور ایم کیوایم کے شہداء کی قبروں پر جاکر ان کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کرنے، کراچی کے صنعتکاروں کو آزادکشمیر میں صنعتیں لگانے کی پیشکش کرنے اور ایم کیوایم کے مینڈیٹ کو تسلیم کرنے پر دل کی گہرائی سے انکا شکریہ بھی ادا کیا۔ جناب الطاف حسین نے معزز مہمانوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کشمیر کے دیرینہ مسئلہ کے حوالہ سے ایم کیوایم واضح مؤقف رکھتی ہے کہ بھارت اور پاکستان کی حکومتیں کشمیری عوام کو فٹبال کی طرح استعمال نہ کریں، کشمیری عوام کو ڈکٹیشن دینے کے بجائے کشمیر کے مستقبل اور کشمیری عوام کے مقدر کا فیصلہ کرنے کا حق کشمیری عوام کو دیں۔انہوں نے کہا کہ کشمیر اوراس کے عوام کی قسمت کا فیصلہ کشمیری عوام کی خواہشات اورامنگوں کے مطابق ہونا چاہئے۔ کشمیر، کشمیری عوام کا ہے اور باشعور کشمیری عوام اپنی قسمت کا فیصلہ خود بہتر کرسکتے ہیں اور مسئلہ کشمیر کا حل خود تلاش کرسکتے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے واشگاف الفاظ میں کہا کہ ایم کیوایم مسئلہ کشمیر کے حوالہ سے ایسے کسی فیصلہ کو قبول نہیں کرے گی جو کشمیری عوام کی خواہشات اورامنگوں کے خلاف ہو اور نہ ایم کیوایم ایسے کسی فیصلہ کا ساتھ دے گی جس میں کشمیری عوام کے نمائندوں کی شرکت نہ ہو۔انہوں نے کہا کہ کشمیر کے مستقبل کے فیصلہ کا حق کشمیری عوام کو ہی ہے اور وہ اپنے مستقبل کے بارے میں جو بھی فیصلہ کریں اسے پاکستان اور بھارت دونوں کو تسلیم کرنا چاہئے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ وزیراعظم سردار محمد یعقوب خوش طبع اور ملنسار طبیعت کے مالک ہیں اور عوام کے دکھ درد سمجھنے والی شخصیت ہیں اور جب سے انہوں نے آزادکشمیر کی وزارت عظمیٰ کا منصب سنبھالا ہے وہ کشمیر کے عوام، اراکین پارلیمنٹ اور تمام سیاسی جماعتوں کو ساتھ لیکر چل رہے ہیں جس کی وجہ سے کشمیر کی سیاسی فضاء بہت بہتر ہوئی ہے۔انہوں نے امید ظاہر کی کہ انشاء اللہ سردار محمد یعقوب کی وزارت عظمیٰ کے دور میں نہ صرف کشمیری عوام کے مسائل حل ہونگے بلکہ مظلوم کشمیری عوام کے دکھوں کا مداوا کرنے کیلئے آزادکشمیر کے وزیراعظم اپنی تمام تر صلاحیتیں بھی بروئے کار لائیں گے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ آزادکشمیر کے وزیراعظم نے نائن زیرو تشریف لاکر کشمیر اور نائن زیرو کے فاصلہ کو سمیٹ دیا ہے اور اب ایسا محسوس ہوتا ہے کہ نائن زیرو بھی کشمیر کا حصہ ہے اور کشمیر میں بھی نائن زیرو قائم ہے۔انہوں نے کہا کہ جب کشمیر میں پاکستان کی تاریخ کا قیامت خیز زلزلہ آیا تھا تو حق پرست ارکان سینیٹ، قومی وصوبائی اسمبلی نے ایم کیوایم کے کارکنان، میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ڈاکٹروں، پیرامیڈیکل اسٹاف اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں کے ساتھ مل کر زلزلہ سے متاثرہ کشمیری عوام کی عملی مدد کی۔انہوں نے مزید کہا کہ ایم کیوایم نے مظلوم کشمیری عوام کی عملی مدد کرکے ان پر کوئی احسان نہیں کیا بلکہ ان کی عملی خدمت کرکے ثابت کیا ہے کہ ایم کیوایم کشمیری عوام کو غیر نہیں بلکہ اپنا بھائی سمجھتی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم، کشمیر کے نام پر چندہ کھانے اور کشمیر کا زپر سیاست کرنے والی جماعت نہیں ہے بلکہ کشمیری عوام کی عملاً مدد کرنے پر یقین رکھتی ہے۔ جناب الطاف حسین نے صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی اور وفاقی کابینہ سے اپیل کی کہ کشمیر میں ترقیاتی کاموں کیلئے آزادکشمیر کی حکومت کو مزید فنڈز جاری کئے جائیں

۔انہوں نے کہا کہ وہ گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور سٹی ناظم کراچی سید مصطفی کمال سے آزاد کشمیر کے دورے کیلئے کہیں گے تا کہ وہ کشمیر میں ترقیاتی منصوبے بنانے والے اداروں کی نہ صرف مدد کریں بلکہ اپنا تجربہ بھی شیئر کریں۔انہوں نے کہا کہ میری خواہش ہے کہ کشمیر کا دیرینہ مسئلہ مستقل بنیادوں پر حل ہو اور کشمیر ایک مرتبہ پھر دنیا کے نقشہ میں جنت نظیر وادی بن کر پوری دنیا کی توجہ کا مرکز بن سکے۔ جناب الطاف حسین نے ایک مرتبہ پھر یقین دلایا کہ ایم کیو ایم، کشمیری عوام کی غیر مشروط مدد، تعاون اور حمایت کرتی رہے گی اور کشمیری عوام اپنے ہر دکھ درد میں ایم کیو ایم کو اپنے ساتھ پائیں گے۔

وزیر اعظم آزاد کشمیر نے مسئلہ کشمیر کے حوالہ سے ایم کیو ایم کے مؤقف پر جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ آپ کے مؤقف سے کشمیری عوام کی حوصلہ افزائی ہوئی ہے اور کشمیری عوام کیلئے آپ کی محبت اور چاہت کا پیغام پوری دنیا میں جانا چاہئے۔انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر کی حکومت سازی میں آپ نے بڑا کردار ادا کیا ہے اور ہمیں آئندہ بھی آپ کے تعاون کی ضرورت رہے گی تا کہ کشمیری عوام کے مسائل حل کئے جا سکیں۔انہوں نے جناب الطاف حسین سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کراچی میں ہونے والی ترقی میں آپ کی ہدایت اور محنت شامل ہے کہ اور ہماری خواہش ہے کہ عوامی مسائل کے حل کیلئے ترقیاتی منصوبوں کا یہ سلسلہ کشمیر میں بھی شروع کیا جائے۔انہوں نے کہا کہ کشمیر میں ترقیاتی منصوبوں کیلئے صدر آصف علی زرداری اور وزیر اعظم پاکستان سید یوسف رضا گیلانی نے خصوصی توجہ دی اور ترقیاتی منصوبوں کیلئے فنڈز جاری کئے جس پر میں ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

## کشمیر کے حوالے سے الطاف حسین کے اس موقف کی مکمل حمایت کرتے ہیں، سردار محمد یعقوب

## نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی کے اراکین سے ملاقات کے بعد صحافیوں سے بات چیت

کراچی۔۔(اسٹاف رپورٹر)

آزاد کشمیر کے وزیر اعظم سردار یعقوب خان نے کہا کہ جس طرح متحدہ قومی موومنٹ اپنا حق مانگ رہی ہے اسی طرح ہم کشمیری بھی گذشتہ 100 سال سے اپنا حق مانگ رہے ہیں ہم کشمیر کے حوالے سے الطاف حسین کے اس موقف کی مکمل حمایت کرتے ہیں کہ مسئلہ کشمیر کا حل کشمیری عوام کی خواہشات کے مطابق حل کیا جائے، ہمیں یقین ہے کہ اب کشمیر ضرور آزاد ہوگا کیونکہ ساری دنیا کے بعد اب الطاف حسین نے بھی کشمیریوں کی حمایت کر دی ہے۔ یہ بات انہوں نے پیر کی شام متحدہ قومی موومنٹ کے قائد الطاف حسین کی رہائشگاہ نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی کے اراکین سے ملاقات کے بعد صحافیوں اور استقبالی ہجوم سے خطاب کر رہے تھے۔انہوں نے کہا کہ میرا یہاں نائن زیرو آنے کا مقصد قائد تحریک الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی کا شکریہ ادا کرنا ہے کہ انہوں نے کشمیری عوام اور حکومت کشمیر سے نہ صرف خیر سگالی کے جذبات کا اظہار کیا بلکہ وفاقی حکومت سے کشمیر میں ترقیاتی فنڈ کے اجراء کیلئے مطالبہ بھی کیا۔انہوں نے کہا کہ کل جب میں کراچی پہنچا تو میرے استقبال کیلئے ایم کیو ایم کے وزراء، سینیٹرز، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی اور کراچی کے عوام بڑی تعداد میں موجود تھے جس کے باعث کشمیری عوام، حکومت آزاد کشمیر اور نائن زیرو کے درمیان رابطہ نزدیک تر ہوا ہے میرا تعلق بھی کراچی سے ہے میں نے کراچی میں تعلیم حاصل کی، ابی سینیا اسکول سے میٹرک اور نیشنل کالج سے گریجویشن کیا۔انہوں نے کراچی میں کشمیری عوام کے مسائل حل کیے جانے اور بڑے پیمانے پر ان کے خدمت کرنے پر بھی متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا۔انہوں نے کہا کہ طاہر کھوکھر اور سلیم بٹ ایم کیو ایم کے یہ دونوں نمائندے آزاد کشمیر حکومت میں ایم کیو ایم اور کراچی کی نمائندگی کر رہے ہیں اور وہ کراچی میں کشمیری عوام کی نمائندگی کر رہے ہیں۔الطاف حسین کا یہ موقف بھی خوش آئند ہے کہ وہ کشمیری عوام کے ساتھ ہیں اور وہ بھی اس وقت تک چین سے نہیں بیٹھیں جب تک کشمیر آزاد نہیں ہو جاتا۔انہوں نے کہا کہ بھارت کشمیری عوام کے حق خود ارادیت کے حوالے سے اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عمل کرے۔سردار یعقوب خان نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کی حق کی آواز اب پاکستان سے نکل کر پوری دنیا میں سنی جارہی ہے، الطاف بھائی نے کہہ دیا ہے کہ کشمیریوں کو آزادی ضرور ملے گی، الطاف حسین نے ہم سے آج انتہائی محبت بھری گفتگو کی ہے اور کشمیریوں کا ساتھ دینے کیلئے یقین دہانی کرائی ہے۔ہم آزادی چاہتے ہیں، بھارت کو فتح کرنا نہیں چاہتے۔انہوں نے کشمیر میں زلزلہ زدگان کی بھرپور مدد کرنے پر بھی جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا۔

## الطاف حسین بین الاقوامی لیڈر ہیں، سردار یعقوب

کراچی ۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

آزاد کشمیر کے وزیراعظم سردار یعقوب خان نے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کو ایک بین الاقوامی لیڈر قرار دیا ہے۔ پیر کے روز متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی رہائشگاہ نائن زیرو پر اخبار نویسوں اور استقبالی ہجوم سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ الطاف حسین انٹرنیشنل لیڈر ہیں انہوں نے جس طریقے سے ہمارے ساتھ محبت اور خلوص کا مظاہرہ کیا ہے وہ ناقابل فراموش ہے۔

## وزیراعظم آزاد کشمیر سردار یعقوب خان کا نائن زیرو پر والہانہ استقبال
## ویلکم ویلکم، وزیراعظم سردار یعقوب ویلکم، جئے الطاف اور جئے متحدہ کے فلک شگاف نعرے

کراچی ۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

وزیراعظم آزاد کشمیر سردار یعقوب خان نے پیر کی شام نائن زیرو کا دورہ کیا اور رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ملاقات کی۔ ملاقات ایک گھنٹے سے زائد جاری رہی جس میں سیاسی صورتحال سمیت باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر ان کے ہمراہ آزاد کشمیر کی قانون ساز اسمبلی کے ڈپٹی اسپیکر سلیم بٹ، وزیر سیاحت طاہر کھوکھر، وزیر برقیات ڈاکٹر محمود ریاض کے علاوہ دیگر بھی ان کے ہمراہ تھے، اس سے قبل سردار یعقوب خان نائن زیرو پہنچے تو ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سید شعیب احمد بخاری، نیک محمد، شکیل عمر، اشفاق منگی، انیس قائم خانی، وسیم آفتاب اور شاہد لطیف نے ایم کیو ایم کے حق پرست سینیٹرز، ارکان قومی و صوبائی اسمبلی، حق پرست صوبائی وزراء، مشیران اور شعبہ خواتین سمیت متحدہ قومی موومنٹ کے مختلف سیکٹرز اور شعبہ جات کے سینکڑوں ذمہ داراور کارکنان کے ہمراہ ان کا شانداراور پرتپاک استقبال کیا۔ وزیراعظم کا قافلہ جیسے ہی نائن زیرو پہنچا تو دونوں اطراف پہلے سے موجود کارکنان نے ان پر پھولوں کی پتیاں نچھاور کیں اور ویلکم ویلکم، وزیراعظم سردار یعقوب ویلکم، جئے الطاف اور جئے متحدہ کے فلک شگاف نعرے لگائے جنہوں نے ہاتھوں میں ایم کیو ایم کے پرچم اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تصویریں اٹھا رکھی تھی جبکہ بعض کارکنان نے ڈھول تاشوں کی تھاپ پر رقص کر کے اپنے جذبات کا اظہار کرتے دیکھے گئے اس موقع پر ایم کیو ایم کا روایتی نظم وضبط دیکھنے میں آیا اس والہانہ اور پرتپاک استقبال سے سردار یعقوب خان اور ان کے ہمراہ آنے والے دیگر مہمانوں کیلئے یہ منظر ناقابل فراموش تھا جس کا برملا اعتراف انہوں نے اخبار نویسوں اور اپنے استقبال کیلئے جمع ہونیوالے ایم کیو ایم کے ذمہ داران وکارکنان سے اپنے خطاب میں بھی کیا۔

## وزیراعظم آزاد کشمیر سردار یعقوب خان نے الطاف حسین کے بھائی، بھتیجے سمیت
## حق پرست شہداء کی قبروں پر حاضری دی اور فاتحہ خوانی کی

کراچی ۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

وزیراعظم آزاد کشمیر سردار یعقوب خان نے عزیز آباد کے شہداء قبرستان جا کر قائد تحریک جناب الطاف حسین کے بھائی ناصر حسین، بھتیجے عارف حسین سمیت تمام حق پرست شہداء کی قبروں پر حاضری دی اور فاتحہ خوانی کی۔ اس موقع پر ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزیر سید شعیب احمد بخاری، رکن رابطہ کمیٹی وسیم آفتاب، آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں ایم کیو ایم کے حق پرست گروپ کے پارلیمانی لیڈر و وزیر سیاحت طاہر کھوکھر ڈپٹی اسپیکر آزاد کشمیر سلیم بٹ، پانی وبجلی وزیر ڈاکٹر محمود ریاض اور گلبرگ ٹاؤن کے ناظم محمد کمال ملک سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ قبل ازیں سردار یعقوب بڑے جلوس کی صورت میں شہداء قبرستان پہنچے اور انہوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے بھائی ناصر حسین شہید، بھتیجے عارف حسین شہید سمیت تمام حق پرست شہداء کی قبروں پر جا کر حاضری دی اور پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی۔

## آزاد کشمیر کے وزیر اعظم سردار یعقوب خان نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کا دورہ کیا

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

کراچی کے دورے پر آئے ہوئے آزاد کشمیر کے وزیر اعظم سردار یعقوب خان نے پیر کے روز متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کا دورہ کیا اور وہاں کے دیگر شعبہ جات کا معائنہ کیا۔معزز مہمان کے خدمت خلق فاؤنڈیشن پہنچنے پر نومنتخب سینیٹر عبدالحسیب خان کے علاوہ فاؤنڈیشن کے ٹرسٹی احمد چنائے اور سلیم انصاری نے ان کا استقبال کیا۔اس موقع پر ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان شعیب بخاری اور شاہد لطیف بھی موجود تھے۔معزز مہمانوں نے خدمت خلق فاؤنڈیشن میں موجود جناب الطاف حسین کی ہنڈا ففٹی موٹر سائیکل اور، کار دیکھی، وہاں کے اسپتال کے جنرل وارڈ اور امدادی کمیٹی کے دفتر کا معائنہ کیا اور رضا کاروں سے ملاقات کر کے وہاں جاری فلاحی کاموں کے حوالے سے معلومات حاصل کی۔

## ایم کیو ایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔23رفروری2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم قصبہ علیگڑھ سیکٹر یونٹ 131 کے شہید کارکن شان زیدی کی والدہ شکیلہ بیگم، لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 165 کے کارکن ناصر ایوب کی والدہ زلیخا بیگم، نارتھ ناظم آباد سیکٹر یونٹ 176 کے کارکن شہاب الدین احمد کی اہلیہ نسرین شہاب، کورنگی سیکٹر یونٹ 71 کے کارکن نعمان کی والدہ صغیرا بیگم، بلدیہ سیکٹر یونٹ 116 زبیر لال کے والد محمد اسماعیل لال اور ایم کیو ایم ملیر سیکٹر یونٹ 96 کے کارکن سید علی سلمان زیدی کے والد سید شاکر حسن زیدی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا کرے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے (آمین)

☆☆☆☆☆